© rasailojaraid.com



# بحران میں قیادت

پرامن اور معمول کے حالات میں قیادت کے لیے ضروری اوصاف بحران میں قیادت کے اوصاف سے مختلف ہوتے ہیں۔ بحران اور کش مکش کے دور میں یہ امور توجہ چاہتے ہیں:

١) کیا اہم ترین ہے؟ ناگزیر ہے؟ اولین ہے؟ مقدم ہے؟ اس کی وضاحت اور اس پر اتفاق رائے پیدا کیا جائے۔

٢) ایسی حکمت عملی ترتیب دی جائے کہ جس میں کامیابی یقینی ہو اور جس کے لیے وسائل اور ضروری صلاحیت موجود ہو۔

٣) خطرات کو ٹالا جائے یا ان سے نمٹا جاسکے اور امکانات سے فائدہ اٹھایا جاسکے: دوران بحران اور بعد میں۔

۴) موقف کی وضاحت اور تشہیر تاکہ غلط فہمی یا شک کی گنجائش نہ رہے۔

۵) زیادہ سے زیادہ عناصر کے ساتھ سمجھوتے کی کوشش کی جائے۔

٦) دیانت اور امانت پر پورا اترا جائے۔ مشکلات میں ذمہ داری کی امانت پر دباؤ کو برداشت کیا جائے۔

٧) جذباتی سطح پر قیادت کی جائے۔ جب لوگ گھبرائیں تو اعتماد دیا جائے۔ جب شک میں مبتلا ہوں تو یقین دیا جائے۔ جب ہچکچائیں تو پہل کی جائے۔ جب کمزوری محسوس کریں تو قوت دی جائے۔ جب بزدلی دکھائیں تو جرأت دکھائی جائے۔ جب ناامید ہوں تو امید دلائی جائے۔ جب کچھ کر کے نہ دکھا سکیں تو صلاحیت اور تربیت دی جائے۔ مسلسل روشنی دکھائی جائے کہ مستقبل اور آخرت آج سے کہیں بہتر ہے۔

٨) صبر، تقویٰ اور توکل علی اللہ کی بیداری، تاکہ اللہ کی نصرت شامل حال رہے۔

سنابل العلم

© rasailojaraid.com